4026-باتھ ٹب میں پیشاب کرنا

سوال

کیا غسل کرتے وقت باتھ ٹب میں پیشاب کرنا حدیث نہی میں شامل ہوتا ہے کہ انسان غسل کرنے والی جگہ پر پیشاب نہ کرے ، یا کہ پانی کا نکاس ہونے کی بنا پر یہ اس میں شامل نہیں ہوتا ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

نہیں، یہ اس میں داخل نہیں ہوتا، کیونکہ جب وہ پیشاب کریگا تو اس پر پانی بہائے گا تو وہ پیشاب وہاں سے زائل ہو جائیگا، لیکن اسے اس وقت تک غسل نہیں کرنا چاہیے جب تک پانی بہا کر وہاں سے پیشاب دور نہ کرلے .

سوال :

یہ پیشاب دوران غسل کیا جائے تو؟

جواب :

عادتا پیشاب کسی اور جگہ کیا جاتا ہے، لیکن فرض کریں اگر انسان کو غسل کرتے ہوئے پیشاب آجائے تو وہ غسل کرنا ترک کردے اور پہلے پیشاب کرکے اس پر پانی بہائے . . .

واللہ اعلم .